ہفتہ وار رسالہ: 452

WEEKLY BOOKLET: 452

# تحریراتِ عطّار

## (اراکینِ مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نام)

# WRITINGS OF ATTAR

## (for the members of Central Executive Committee)

# تحریراتِ عطّار (اراکینِ مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نام)

## پہلے اِسے پڑھیں

اللہ پاک کی رحمت اور اُس کے پیارے پیارے آخری نبی، مکّی مَدَنی محمدِ عَرَبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے فیضانِ کرم سے عشقِ رسول کے جام بھر بھر کے پلانے والی، صحابہ و اہلِ بیت علیہمُ الرّضوان کا ادب و اِحترام سکھانے والی، نہ صرف نیکیوں کا راستہ بتانے والی بلکہ راہِ سنّت پر چلانے والی، اولیائے کرام کی محبّت دلوں میں بڑھانے والی، عاشقانِ رسول کی سنّتوں بھری دینی تنظیم **"دعوتِ اسلامی"** 1981 کو مَعرِضِ وُجود میں آئی۔

بانیِ دعوتِ اسلامی، امیرِ اہلِ سنّت، حضرتِ علّامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ شروع شروع میں چند اسلامی بھائیوں کے ساتھ مل کر دنیا بھر میں نیکی کی دعوت عام کرنے کے جذبے سے سرشار ہو کر گلی گلی، محلّے محلّے، قَریہ قَریہ اور پھر شہر شہر سفر کرتے اور سنّتِ مصطفےٰ کا پیغام عام کرتے:

میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر　　　لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

اَلحمدُ لِلّٰہ! دینِ مَتین کی خدمت اور قرآن و سنّت کے فیضان کو عام کرنے کا 1981 سے شروع ہونے والا سلسلہ شب و روز جاری رہا جو پاکستان کے مشہور شہر کراچی سے اندرونِ سندھ، پھر پنجاب، کے پی کے (یعنی خیبر پختونخواہ) اور بلوچستان سے ہوتا ہوا پاکستان سے باہر ہندوستان، یوکے، یورپ، امریکہ، افریقہ، کینیڈا، ملیشیا اور انڈونیشیا سمیت دنیا کے کئی مَمالِک تک پہنچ چکا ہے۔

امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کی دور اَندیشی پر لاکھوں سلام، آپ نے کئی حکمتوں



www.dawateislami.net

اور مَصلحتوں کے پیشِ نظر ستمبر 2000 عیسوی میں اپنے خون پسینے سے سینچی ہوئی چہیتی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی کی **"مرکزی مجلسِ شوریٰ"** قائم فرمائی، اس کے سب سے پہلے نگران، مشہورِ زمانہ نعت خواں، بلبلِ مدینہ الحاج محمد مشتاق عطّاری قادری رحمۃُ اللہِ علیہ بنائے اور ان کے بعد نگرانِ شوریٰ کا انتخاب مرکزی مجلسِ شوریٰ پر رکھا۔ اُس وقت مرکزی مجلسِ شوریٰ 11 افراد پر مشتمل تھی، اب تک نگرانِ شوریٰ سمیت اِن کی تعداد 29 ہے۔

شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ نے راقمُ الحُروف ابو محمد طاہر عطّاری عُفِیَ عَنْہُ کی عرض پر تقریباً تین سال پہلے 2022 کے سفرِ مدینہ میں مرکزی مجلسِ شوریٰ کے چند اَراکین کے نام مختلف مدنی پھول اپنے قلم سے تحریر فرمائے اور پھر بعد میں سب اراکینِ شوریٰ کے نام تحریرات کے اس سلسلے کو مکمل فرمایا۔ اَلحمدُ لِلّٰہ! یہ رسالہ بنام **"تحریراتِ عطّار (اراکینِ مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نام)"** اُن تمام تحریرات کا مجموعہ ہے۔

اللہ کریم امیرِ اہلِ سنّت کا سایہ خیر و عافیت کے ساتھ دراز فرمائے اور ہمیں آپ کی بنائی ہوئی مرکزی مجلسِ شوریٰ کی شریعت کے دائرے میں اطاعت کرتے ہوئے دعوتِ اسلامی کا دینی کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اٰمِین بِجَاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم

طالبِ دُعائے غمِ مدینہ و بقیع و بے حساب مغفرت

ابو محمد طاہر عطّاری مَدَنی عُفِیَ عَنْہُ

**دعائے عطّار:** یاربِّ کریم! جو کوئی 34 صفحات کا رسالہ "تحریراتِ عطّار (اراکینِ مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نام)" پڑھ یا سن لے اسے دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استِقامت عطا فرما اور اسے ماں باپ اور خاندان سمیت جنّتُ الفِردوس میں بے حساب داخِلہ نصیب فرما۔

اٰمِین بِجَاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہِ واٰلہٖ وسلّم



www.dawateislami.net

# دعوتِ اسلامی زندہ باد

یادِ سفرِ مدینہ
(امارات ایئر پورٹ پر انتظار کے دوران کی ہوئی تحریر)

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علیٰ محمد

دعوتِ اسلامی زندہ باد (آمین)
(یعنی دعوتِ اسلامی سلامت رہے۔ آمین)

دعائے عطار: یا اللہ پاک! جو کوئی اپنے گھر، دُکان، دفتر، گاڑی وغیرہ پر "دعوتِ اسلامی زندہ باد" لکھے اُس کو دُنیا و آخرت میں سلامت رکھ اور اُس کی ماں باپ سمیت بے حساب مغفرت فرما۔
(حاجی عمران نگرانِ شوریٰ کیلئے تحفہ) آمین بجاہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ والہ وسلم

دعائے عطّار: یا اللہ پاک! جو کوئی اپنے گھر، دُکان، دفتر، گاڑی وغیرہ پر "دعوتِ اسلامی زندہ باد" لکھے اُس کو دُنیا و آخرت میں سلامت رکھ اور اُس کی ماں باپ سمیت بے حساب مغفرت فرما۔ اٰمین بِجَاہِ خاتمِ النبیّٖن صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم


(حاجی عمران نگرانِ شوریٰ کیلئے تحفہ)

## LONG LIVE DAWAT E ISLAMI

Attar's Prayer: O Allah! Whoever writes "Long live Dawat-e-Islami" on their home, shop, office, vehicle, etc., keep them safe in this world and the Hereafter, and grant them and their parents forgiveness without accountability. اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

(A gift for Haji Imran, Head of Dawat-e-Islami's Central Executive Committee)

یادِ سفرِ مدینہ



# حیا کی اہمیت

حدیثِ قُدسی میں فرمانِ الٰہی: "اے آدمی تیرا دین اُس وقت تک دُرُست نہیں ہوسکتا جب تک تیری زبان سیدھی نہ ہو اور تیری زبان تب تک سیدھی نہیں ہوسکتی جب تک تُو اپنے ربّ عزوجل سے حیا نہ کرے۔"

صلّوا علی الحبیب صلّی اللہ علٰی محمّد

الحمدللہ ہمارا ہوائی جہاز سوئے جدّہ شریف محوِ پرواز (یعنی اُڑ رہا) ہے۔

حاجی محمد شاہد عطاری (نگرانِ پاک) کی خدمت میں سوغات

حدیثِ قُدسی میں فرمانِ الٰہی: "اے آدمی تیرا دین اُس وقت تک دُرُست نہیں ہوسکتا جب تک تیری زبان سیدھی نہ ہو اور تیری زبان تب تک سیدھی نہیں ہوسکتی جب تک تُو اپنے رب عزّوجل سے حَیا نہ کرے۔" (رفیق الحرمین، ص13تا14) (نصیحتوں کے مدنی پھول بوسیلۂ احادیث رسول، ص29)

(حاجی محمد شاہد عطاری (نگرانِ پاک) کی خدمت میں سوغات)

## THE IMPORTANCE OF MODESTY

In a Hadith Qudsī, Allah Almighty states: “O son of Ādam! Your religion cannot be correct until your tongue is upright, and your tongue cannot be upright until you have modesty before your Lord.”[1]

(A gift for Haji Muhammad Shahid Attari, Head of Pakistan)

[1] Rafiq-ul-Haramayn, pp. 13-14



www.dawateislami.net



یادِ حاضریِ مدینہ

# عرش و کرسی سے بھی افضل

(قبرِ انور میں) اللہ پاک کے سب سے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے جسم مبارک سے زمین کا جو حصّہ لگا ہوا ہے وہ کعبہ شریف سے بلکہ عرش و کُرسی سے بھی افضل ہے۔

عرشِ مُعلیٰ سے اعلیٰ پیارے نبی کا روضہ
ہے ہر مکاں سے بالا پیارے نبی کا روضہ[1]

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد

[1] روضہ یعنی باغ۔ شعر میں روضہ سے مُراد وہ جگہ ہے جہاں جسمِ اقدس تشریف فرما ہے۔

(الحمدُ للہ الکریم اس بار کی حاضریِ مدینہ کی آج پہلی شب ہے۔ (یہ تحریر حاجی عبد الحبیب عطاری کیلئے تحفہ ہے)

(قبرِ انور میں) اللہ پاک کے سب سے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے جسم مبارک سے زمین کا جو حصّہ لگا ہوا ہے وہ کعبہ شریف سے بلکہ عرش و کُرسی سے بھی افضل ہے۔
(در مختار، 4/62)

(یہ تحریر حاجی عبد الحبیب عطاری کیلئے تحفہ ہے)

## SUPERIOR EVEN TO THE ARSH AND KURSI

(The illuminated grave,) the part of the earth that touches the blessed body of the final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم, is superior to the Kaʿba, and even more virtuous than the Divine Throne.[1]

(This writing is a gift for Haji Abdul Habib Attari)

[1] Durr-e-Mukhtar, vol. 4, p. 62

# غصّے پر قابو پانے کی فضیلت

یادِ سفرِ مدینہ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلّم:

"جو شخص اپنے غصّے کو روکے گا اللہ پاک قیامت کے روز اُس سے اپنا عذاب روک دے گا۔"

الحمدللہ الکریم یہ الفاظ لکھتے وقت ہمارا ہوائی جہاز عرب شریف کی فضاؤں میں جھومتا ہوا سوئے جدّہ شریف رواں دواں ہے۔

لو آیا کہ اب آیا جدّہ کا ساحل
اب آئے گا مکّہ، چلیں گے مدینہ

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد

(حاجی محمد امین عطاری کی خدمت میں سفرِ مدینہ کی یادگار سوغات)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: "جو شخص اپنے غصّے کو روکے گا اللہ پاک قیامت کے روز اُس سے اپنا عذاب روک دے گا۔"

(شعب الایمان، 6/315، حدیث: 8311)

(حاجی محمد امین عطاری کی خدمت میں سفرِ مدینہ کی یادگار سوغات)

## THE EXCELLENCE OF CONTROLLING ANGER

The final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: "Whoever restrains his anger, Allah Almighty will withhold His punishment from him on the Day of Judgement."[1]

(A souvenir of the journey to Madinah for Haji Muhammad Amin Attari)

[1] Shu'ab al-Iman, vol. 6, p. 315, Hadith 8311

# قوّتِ حافظہ کے لئے پیارا عمل

بعد نمازِ عشا تین بادام لیکر دُرودِ پاک پڑھتے پڑھتے پانی میں بِھگو دیجئے، فجر کی نماز کے بعد اور اگر روزہ رکھنا ہو تو سحری کے وقت دُرود شریف پڑھتے پڑھتے پانی سے نکال کر چِھلکا اتار کر تینوں بادام پر یَا عَلِیْمُ یَا قَوِیُّ ۱۰۰ بار پڑھ کر دم کر کے کھا لیجئے۔ بچّوں کیلئے یہ عمل کر کے اُن کو بھی کِھلا سکتے ہیں۔ یہ عمل جتنے دن چاہیں کر سکتے ہیں، روزانہ کا معمول بھی بنا سکتے ہیں، اِن شاءَ اللہُ الکریم یادداشت کافی مضبوط ہو جائے گی۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمّد

(الحاج قاری ایاز عطاری (رکنِ شوریٰ) کی خدمت میں سوغات)

بعد نمازِ عشا تین بادام لیکر دُرودِ پاک پڑھتے پڑھتے پانی میں بِھگو دیجئے، فجر کی نماز کے بعد اور اگر روزہ رکھنا ہو تو سحری کے وقت دُرود شریف پڑھتے پڑھتے پانی سے نکال کر چِھلکا اتار کر تینوں بادام پر یَا عَلِیْمُ یَا قَوِیُّ 100 بار پڑھ کر دم کر کے کھا لیجئے۔ بچّوں کیلئے یہ عمل کر کے اُن کو بھی کِھلا سکتے ہیں۔ یہ عمل جتنے دن چاہیں کر سکتے ہیں، روزانہ کا معمول بھی بنا سکتے ہیں، اِن شاءَ اللہُ الکریم یادداشت کافی مضبوط ہو جائے گی۔

(الحاج قاری ایاز عطاری (رکنِ شوریٰ) کی خدمت میں سوغات)

## A BEAUTIFUL PRACTICE FOR STRENGTHENING MEMORY

After the 'Ishā' prayer, take 3 almonds and soak them in water while reciting Ṣalāt. After the Fajr prayer (or at the time of suhoor if you are fasting), remove them from the water while reciting Ṣalāt, peel them, recite یَاعَلِیْمُ یَاقَوِیُّ 100 times, blow upon them, and then eat them. This practice may also be done for children and given to them to eat. It may be continued for as many days as you like; you can even make it a daily routine. اِن شاءَ اللہُ الکریم Your memory will become very strong.



(A gift for Al-Ḥāj Qārī Ayaz Attari, Shura member)



یادِ سفرِ مدینہ

تحریرِ جل (جدہ شریف)

میرے لئے سب سے اچھا تحفہ ہے: ”سلام“

صحابیِ نبی حضرت ابودردا رضی اللہ فرماتے ہیں: ”مجھے میرے کسی مسلمان بھائی نے ایسا تحفہ نہیں دیا جو سلام سے زیادہ مجھے پسند ہو۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد

حاجی محمد اسلم عطاری (رکنِ شوریٰ) خانپور والے کی خدمت میں تحریری سوغات

صحابیِ نبی حضرت ابو دَردا رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں: ”مجھے میرے کسی مسلمان بھائی نے ایسا تحفہ نہیں دیا جو سَلام سے زیادہ مجھے پسند ہو۔“ (الزہد لامام احمد، ص164، حدیث:755)

حاجی محمد اسلم عطاری (رکنِ شوریٰ) خانپور والے کی خدمت میں تحریری سوغات

## THE BEST GIFT FOR ME IS: “SALĀM”

The companion of the Prophet, Sayyidunā Abū Dardā رَضِیَ اللہُ عَنْہُ, said: “No Muslim brother has given me a gift that I liked more than *Salām*.”[1]

(A written gift for Haji Muhammad Aslam Attari (Shura member), Khanpur)



[1] Al-Zuhd lil Imam Ahmad bin Hanbal, p. 164, Hadith 755

## مُحتاجی سے بچنے کا وظیفہ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم :

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْن 100 بار جس نے روزانہ پڑھا وہ دنیا میں مُحتاجی سے بچے گا، اُسے قبر میں گھبراہٹ نہ ہوگی اور اُس کیلئے جنّت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔

(رُکنِ شوریٰ حاجی رفیع العطاری کی خدمت میں سوغات)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد


فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْن 100 بار جس نے روزانہ پڑھا وہ دنیا میں مُحتاجی سے بچے گا، اُسے قبر میں گھبراہٹ نہ ہوگی اور اُس کیلئے جنّت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ (شرح الصدور، ص158)

(رُکنِ شوریٰ حاجی رفیع العطاری کی خدمت میں سوغات)

## LITANY TO AVOID POVERTY

The final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: "Whoever recites لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْن 100 times daily will be saved from poverty in the world, have no fear in the grave, and the gates of Paradise will be opened for him."[1]

(A gift for Shura Member Haji Rafi Attari)



[1] Sharh-us-Sudoor (Urdu), p. 158



www.dawateislami.net



## میں مدینہ چھوڑ آیا

چھپ گیا نگاہوں سے، آہ! سب مدینے کا
دلکش و حسیں منظر، میں مدینہ چھوڑ آیا

دور ہو گیا سرکار! آہ! غمزدہ عطّار
جلد آؤں پھر در پر، میں مدینہ چھوڑ آیا

(رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری کی خدمت میں غمِ مدینہ میں ڈوبی ہوئی تحریر کی سوغات...

یہ الفاظ اگرچہ مدینۂ پاک میں نہیں لکھے، ہاں بس کاغذ پر لکھے ہیں وہ مدینے ہو کر آ رہے ہیں)۔

صلّوا علی الحبیب صلّی اللہ علیٰ محمّد

چُھپ گیا نگاہوں سے، آہ! سب مدینے کا — دلکش و حَسیں منظر، میں مدینہ چھوڑ آیا
دُور ہو گیا سرکار! آہ! غمزدہ عطّار — جلد آؤں پھر دَر پر، میں مدینہ چھوڑ آیا

(رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری کی خدمت میں غمِ مدینہ میں ڈوبی ہوئی تحریر کی سوغات)

(A written gift immersed in the sorrow of Madinah for Shura member Haji Yafoor Raza Attari)

آہ! میں مدینہ چھوڑ آیا

آہ! فرقتِ مدینہ

# دوسروں کے عیب مت ڈھونڈو

مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "دوسروں کے عیب ڈھونڈنے سے بچنے والے کو اپنے عیبوں کی اصلاح کی توفیق ملتی ہے۔"

27-12-23

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد

مکّے کی حسیں شام کی دیکھوں میں بہاریں
پھر دیکھوں مدینے کی شہا! صُبحِ دل آرا

(حاجی وقار المدینہ کی خدمت میں سوغات)

مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:
"دوسروں کے عیب ڈھونڈنے سے بچنے والے کو اپنے عیبوں کی اصلاح کی توفیق مِلتی ہے۔"

(المنبّہات، ص90)

(حاجی وَقار المدینہ کی خدمت میں سوغات)

## DO NOT FIND FAULTS IN OTHERS

The second Caliph of Islam, Sayyidunā ʻUmar b. al-Khaṭṭāb رَضِیَ اللہُ عَنْہُ, said: "The one who avoids searching for faults in others is granted the ability to reform his own faults."[1]

(A gift for Haji Waqar al-Madinah)

[1] Al-Munabbihat, p. 90



www.dawateislami.net

ہائے! مدینہ چھوٹ گیا

# بات کا قیدی

آہ! فراقِ مدینہ

کہا جاتا ہے: ”بات انسان کی قید میں ہوتی ہے جبکہ بولنے کے بعد اِنسان اُس کا قیدی بن جاتا ہے۔“

صلّوا علی الحبیب صلّی اللّٰہ علٰی محمّد

ہو غمِ مصطفٰے عطا یا ربّ! درد بڑھتا رہے مدینے کا

(رکنِ شوریٰ حاجی اطہر علی عطاری کی خدمت میں سوغات)

کہا جاتا ہے: ”بات انسان کی قید میں ہوتی ہے جبکہ بولنے کے بعد اِنسان اُس کا قیدی بن جاتا ہے۔“ (المستطرف، 1/147)

(رکنِ شوریٰ حاجی اطہر علی عطاری کی خدمت میں سوغات)

## PRISONER OF ONE'S WORDS

"It is said: A statement is a person's prisoner, but once spoken, the person becomes its prisoner."[1]

(A gift for Shura member Haji Athar Ali Attari)

[1] Al-Mustatraf, vol. 1, p. 147





www.dawateislami.net

آہ! ہجرِ مدینہ

آہ! امیں مدینہ چھوڑ آیا

# ایک آسان کام

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم:

”جب کوئی شخص اپنے گھر سے نکلتے وقت بسم اللہ پڑھتا ہے تو فرشتہ کہتا ہے: تیری ذِمّے داری لے لی گئی۔“

صلّوا علی الحبیب    تیری گلیوں سے بچھڑ کر بھی ہے کوئی زندگی

صلّی اللہ علٰی محمّد    دور رہ کر ہائے مرنا ہائے جینا الوداع

(حاجی محمد امین قافلہ کی خدمت میں سوغات)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جب کوئی شخص اپنے گھر سے نکلتے وقت بسم اللہ پڑھتا ہے تو فرشتہ کہتا ہے: تیری ذِمّے داری لے لی گئی۔“ (حلیۃ الاولیاء، 7/299، حدیث:10592)

(حاجی محمد امین قافلہ کی خدمت میں سوغات)

## AN EASY DEED

The final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: "When a person says بِسْمِ الله while leaving his home, an angel says: 'Your responsibility has been taken care of.'"[1]

(A gift for Haji Muhammad Amin Qafila)

[1] Hilyat al-Awliya`, vol. 7, p. 299, Number 10592





www.dawateislami.net

# دل روشن ہونے کی نشانی

بعض عارِفین کا قول ہے : مسکراہٹ اور خندہ پیشانی دل کے روشن ہونے کی نشانی ہے ۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمد

الحاج قاری محمد سلیم عطاری (رکنِ شوریٰ) کی خدمت میں انمول سوغات ۔

بعض عارِفین کا قول ہے: مسکراہٹ اور خَندہ پیشانی دل کے روشن ہونے کی نشانی ہے۔

(فیض القدیر، 3/297، تحت الحدیث:3231)

الحاج قاری محمد سلیم عطاری (رکنِ شوریٰ) کی خدمت میں انمول سوغات۔

## SIGN OF AN ILLUMINATED HEART

Some Gnostics say: "Smiling and a cheerful expression are signs of an illuminated heart."[1]

(A priceless gift for Al-Ḥāj Qārī Muhammad Saleem Attari, Shura member)



[1] Fayd-ul-Qadeer, vol. 3, p. 297, under Hadith 3231

یادِ سفرِ مدینہ
(تحریر: امارات تا جدہ شریف دورانِ پرواز)

۱۵

مزارِ مبارک
امام ابنِ حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ



## نعمت زائل ہونے کا سبب

ارشادِ امام ابنِ حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ:
”اللہ پاک کی نافرمانیاں اکثر اوقات نعمتیں
زائل (یعنی کم یا ختم) ہونے کا سبب بنتی ہیں۔“

3-12-23

حاجی محمد علی (رکنِ شوریٰ) کی خدمت
میں تحریری سوغات۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علیٰ محمّد

ارشادِ امام ابنِ حجر عسقلانی رحمۃُ اللہِ علیہ: ”اللہ پاک کی نافرمانیاں اکثر اوقات نعمتیں زائل (یعنی کم یا ختم) ہونے کا سبب بنتی ہیں۔“ (فتح الباری، 12/257)

حاجی محمد علی (رکنِ شوریٰ) کی خدمت میں تحریری سوغات

## THE REASON FOR THE LOSS OF A BLESSING

Imam Ibn Ḥajar ʿAsqalānī رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه said: “Disobedience to Allah often causes blessings to be removed (i.e. to decrease or end).”[1]

(A written gift for Haji Muhammad Ali, member of Shura)

[1] Fath-ul-Bari, vol.12, p. 257



www.dawateislami.net

یادِ سفرِ مدینہ
امارات تا جدہ شریف
دورانِ پرواز کی تحریر

# دل کیلئے زیادہ فائدہ مند شے

حضرت محمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
"میں نے صالحین (یعنی نیک بندوں) کے
ذِکرِ خیر سے زیادہ فائدہ مند
کوئی چیز دل کے لئے
نہ دیکھی۔"

عبد الوہّاب عطاری (رکنِ شوریٰ) کیلئے تحریری سوغات

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمد

حضرت محمد بن یونس رحمۃ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: "میں نے صالحین (یعنی نیک بندوں) کے ذِکرِ خیر سے زیادہ فائدہ مند کوئی چیز دل کے لئے نہ دیکھی۔" (صفۃ الصفوۃ، 20/1)

عبد الوہّاب عطاری (رکنِ شوریٰ) کیلئے تحریری سوغات

## THE MOST BENEFICIAL THING FOR THE HEART


Sayyidunā Muḥammad b. Yūnus رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه said: “I have not seen anything more beneficial for the heart than speaking well of the righteous.”[1]

(A written gift for Abdul Wahab Attari, member of Shura)

[1] Sifat-us-Safwah, vol. 1, p. 20



www.dawateislami.net



# اے آنکھ! خون رولے

افسوس! چند گھڑیاں طیبہ کی رہ گئی ہیں
اے آنکھ! خون رولے تو رونا ہے جس قَدَر

یہ لکھتے ہوئے تقریباً ساڑھے چار گھنٹے بعد
(بقیع میں جگہ نہ ملنے کی صورت میں)
شاید مدینہ چھوٹ جائے گا۔ آہ!
(الحاج سید ابراہیم شاہ صاحب کی نذر...

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علیٰ محمد

افسوس! چند گھڑیاں طیبہ کی رہ گئی ہیں
اے آنکھ! خون رولے تو رونا ہے جس قَدَر

(الحاج سید ابراہیم شاہ صاحب کی نذر)

(Presented to Al-Ḥāj Sayyid Ibrahim Shah Sahib)



www.dawateislami.net

آہ! فراقِ مدینہ

# اللہ پاک کی خفیہ تدبیر
## (یعنی چُھپا فیصلہ)

”بعض اعمال لوگ نیکیاں سمجھ کر کرتے رہیں گے
لیکن وہ بروزِ قیامت گناہوں کے پلڑے میں ہوں گے۔“
اللہ پاک ہمیں عِلم و اِخلاص کے ساتھ مقبول عبادت کی سعادت بخشے۔ اٰمین۔

(رکنِ شوریٰ حاجی عقیل مَدَنی کی خدمت میں سوغات)

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللّٰہُ علیٰ محمّد

کاش! گنبدِ خضرا دیکھنے کو مل جا

”بعض اعمال لوگ نیکیاں سمجھ کر کرتے رہیں گے لیکن
وہ بروزِ قیامت گناہوں کے پلڑے میں ہوں گے۔“ (احیاء العلوم، 1/170)
اللہ پاک ہمیں عِلم و اخلاص کے ساتھ مقبول عبادت کی سعادت بخشے۔ اٰمین

(رکنِ شوریٰ حاجی عقیل مَدَنی کی خدمت میں سوغات)

## THE HIDDEN PLAN OF ALLAH ALMIGHTY
## (Concealed Decree)

“People will continue to perform some actions thinking they are good deeds, but on the Day of Judgement, they will be placed on the scale of sins.”[1]

May Allah Almighty grant us the privilege of performing accepted acts of worship with knowledge and sincerity. Ameen.

(A gift for Shura member Haji Aqeel Madani)



[1] Ihya-ul-Uloom , vol. 1, p. 170



www.dawateislami.net

# مِٹّی کے برتن

حدیث میں ہے: "جو اپنے گھر کے برتن مِٹّی کے رکھے
فرشتے اس کی زیارت کریں۔"

مُنقول ہے کہ مِٹّی کے برتنوں پر کوئی حساب نہیں

(حاجی ابوماجد محمد شاہد مدنی
(رکنِ شوریٰ) کی خدمت میں
سوغات) آہ! غمِ مدینہ

آقا! مدینے بلا
لیجئے!

حدیث میں ہے:”جو اپنے گھر کے برتن مِٹّی کے رکھے فرشتے اس کی زیارت کریں۔“
(ردّالمحتار، 9/566)

مَنقول ہے کہ مِٹّی کے برتنوں پر کوئی حساب نہیں۔(قوت القلوب، 1/288)


(حاجی ابوماجد محمد شاہد مدنی (رکنِ شوریٰ) کی خدمت میں سوغات)

## CLAY UTENSILS

It is stated in a Hadith:
“The angels visit the one who keeps clay utensils in their home.”[1]

It is narrated that there is no accountability for clay utensils.[2]

(A gift for Haji Abu Majid Muhammad Shahid Madani, member of Shura)



[1] Radd-ul-Muhtar, vol. 9, p. 566


[2] Qut-ul-Quloob, vol. 1, p. 288 citing Fayzan-e-Junayd-e-Baghdadi رَحۡمَۃُاللہِ عَلَیۡہ, p. 10



www.dawateislami.net

آہ! میں مدینہ چھوڑ آیا

# سنّت کی فضیلت



فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم "جس نے میری سُنّت سے محبّت کی اُس نے مجھ سے محبّت کی اور جس نے مجھ سے محبّت کی وہ جنّت میں میرے ساتھ ہوگا۔"

اَلفِراق وَالفِراق اے پیارے آقا الفِراق
پھر بُلا لو جلد آقائے مدینہ الوداع

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد

(رکنِ شوریٰ الحاج سیّد لقمان شاہ صاحب کی خدمت میں تحریری سوغات)

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "جس نے میری سُنَّت سے مَحبّت کی اُس نے مجھ سے مَحبّت کی اور جس نے مجھ سے مَحبّت کی وہ جنّت میں میرے ساتھ ہوگا۔" (مشکاۃ، 1/55، حدیث:175)

(رکنِ شوریٰ الحاج سیّد لقمان شاہ صاحب کی خدمت میں تحریری سوغات)

## THE EXCELLENCE OF THE SUNNAH

The final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: "Whoever loves my Sunnah loves me, and whoever loves me will be with me in Paradise."[1]

(A written gift for Shura member Al-Ḥāj Sayyid Luqman Shah Sahib)

[1] Mishkat, vol. 1, p. 55, Hadith 175





www.dawateislami.net



# مریض کی عیادت کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ وسلم: "جو کسی مریض کی عیادت کو جاتا ہے
تو آسمان سے ایک پکارنے والا پکارتا ہے: تجھے خوشخبری ہو، تیرا چلنا اچھا ہے
اور تو نے جنّت کی ایک منزل کو اپنا ٹھکانہ بنالیا۔"

الحمد للہ الکریم ہماری ٹرین جانبِ مدینہ بڑھتی جارہی ہے اِسی دوران
یہ تحریر تیار کی، تحفہ برائے رکنِ شوریٰ حاجی فضیل رضا عطاری
کے مدینہ آنے والا ہے

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "جو کسی مریض کی عیادت کو جاتا ہے تو آسمان سے ایک پکارنے والا پکارتا ہے: تجھے خوشخبری ہو، تیرا چلنا اچھا ہے اور تو نے جنّت کی ایک منزل کو اپنا ٹھکانہ بنالیا۔" (ابن ماجہ، 2/192، حدیث:1443)

(تحفہ برائے رکنِ شوریٰ حاجی فضیل رضا عطاری)

## THE EXCELLENCE OF VISITING THE SICK

The final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: "Whoever travels to visit a sick person, a caller from the sky calls out: 'Glad tidings to you, your journey is good, and you have made a home for yourself in Paradise.'"[1]

(A gift for Shura member Haji Fuzail Raza Attari)

[1] Ibn Maja, vol. 2, p. 192, Hadith 1443






حُضور خواجہ غریب نواز رحمۃُ اللہِ علیہ نے ایک بار روتے ہوئے فرمایا:
"نماز دین کا سُتون ہے، جب تک سُتون سلامت ہے گھر سلامت ہے،
جب سُتُون گرے گا تو گھر بھی گر جائے گا۔" (فیضانِ غریب نواز، ص: 7)

(رکنِ شوریٰ الحاج الحافظ محمد اسد مَدَنی سلّمہ الغنی کی خدمت میں تحریری سوغات)

## THE IMPORTANCE OF PRAYER

Khwāja Gharīb Nawāz رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ said while crying: “Prayer is the pillar of religion. As long as the pillar remains sound, the house is sound. When the pillar falls, the house will also fall.”[1]


(A written gift for Shura member Al-Ḥāj Al-Ḥāfiẓ Muhammad Asad Madani)

[1] Faizan-e-Ghareeb Nawaz, p. 7



www.dawateislami.net

# خاموش رہنے والے بزرگ



حضرت سیدنا محمد بن نَضْر حارِثی رحمۃ اللہ علیہ
کے ساتھ عَبّادان سے کوفہ سفر کرنے والے ایک صاحب
کا بیان ہے کہ راستے بھر حضرت نے ایک بھی بات نہیں کی،
جب انہیں کوئی کام پڑتا تو اپنے بیٹے کی طرف دیکھتے تو وہ اٹھ کر کام کر دیتا۔
حضرت محمد بن نَضْر حارِثی رحمۃ اللہ علیہ بہت زیادہ **خاموش** رہنے والے بزرگ تھے،
فرماتے ہیں: عِلْم کی ابتدا **خاموشی** ہے، پھر غور سے سننا ہے، پھر اُسے یاد رکھنا ہے،
پھر اس پر عمل کرنا اور پھر اُسے پھیلانا۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد

(رکنِ شوریٰ حاجی اظہر عطاری کی خدمت میں سوغات)

حضرت سیدنا محمد بن نَضْر حارِثی رحمۃُ اللہِ علیہ کے ساتھ عَبّادان سے کُوفہ سفر کرنے والے ایک صاحِب کا بیان ہے کہ راستے بھر حضرت نے ایک بھی بات نہیں کی، جب انہیں کوئی کام پڑتا تو اپنے بیٹے کی طرف دیکھتے تو وہ اٹھ کر کام کر دیتا۔ (حلیۃ الاولیاء، 8/240، قول نمبر:12022)

حضرت محمد بن نَضْر حارِثی رحمۃُ اللہِ علیہ بہت زیادہ خاموش رہنے والے بزرگ تھے، فرماتے ہیں: عِلْم کی ابتِدا خاموشی ہے، پھر غور سے سننا ہے، پھر اُسے یاد رکھنا ہے، پھر اس پر عمل کرنا اور پھر اُسے پھیلانا۔ (حلیۃ الاولیاء، 8/239، قول نمبر:12014)

(رکنِ شوریٰ حاجی اظہر عطاری کی خدمت میں سوغات)



www.dawateislami.net

## THE SILENT PIOUS PREDECESSOR

A person who travelled from Abbadan to Kufa with Sayyidunā Muḥammad b. Naḍr Ḥārithī رَحۡمَةُاللّٰہِعَلَیۡه narrates that the Shaykh did not say a single word throughout the journey. Whenever he needed something, he would look at his son, who would stand up and fulfil the task.[1]


Sayyidunā Muḥammad b. Naḍr Ḥārithī رَحۡمَةُاللّٰہِعَلَیۡه was a pious predecessor who would remain silent. He said: "Knowledge begins with silence, then listening carefully, then remembering it, then acting upon it, and then spreading it."[2]

(A gift for Shura member Haji Azhar Attari)

[1] Hilyat al-Awliya`, vol. 8, p. 240, Number: 12022
[2] Hilyat al-Awliya`, vol. 8, p. 239, Number: 12014



www.dawateislami.net




## مختصر گفتگو

فرمانِ مولیٰ علی رضی اللہ عنہ خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ۔

یعنی: اچھی بات وہ ہے جو مختصر ہو اور جامع (یعنی پوری) ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمّد

(رکنِ شوریٰ حاجی جُنید مدنی سلّمہُ الغنی کی خدمت میں تحریری سوغات)

سُنو جو میرے دُکھڑے میں سناواں یا رسولَ اللہ ﷺ
جے آکھو تے مدینے میں وی آواں یا رسولَ اللہ! ﷺ
(صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم)

فرمانِ مولیٰ علی رضی اللہ عنہ: خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ۔ یعنی: اچھی بات وہ ہے جو مختصر ہو اور جامع (یعنی پوری) ہو۔ (التعلیقۃ للقاضی حسین (علیٰ مختصر المزنی)، 1/148)

(رکنِ شوریٰ حاجی جُنید مدنی سلّمہُ الغنی کی خدمت میں تحریری سوغات)

## SHORT CONVERSATION

Sayyidunā ʿAlī b. Abī Ṭālib رَضِیَ اللہُ عَنۡہُ said: "خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ" The best speech is that which is brief and comprehensive.[1]

(A written gift for Shura member Haji Junaid Madani)

[1] Al-Taliqah lil Qadi Husayn, vol. 1, p. 148



## مدینے کی سختی پر صبر کی فضیلت

یادِ مدینہ
تحریرِ مدینہ

ایک فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں یہ بھی ہے: "جس نے مدینہ کی تنگدستی اور سختی پر صبر کیا میں قیامت میں اُس کی شفاعت کروں گا یا اُس کے حق میں گواہی دوں گا۔"

رُکنِ شوریٰ حاجی محمد فاروق جیلانی کی خدمت میں سوغات۔

واہ! کیا بات ہے مدینے کی

صلّوا علی الحبیب صلی اللہ علیٰ محمد

ایک فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم میں یہ بھی ہے: "جس نے مدینہ کی تنگدستی اور سختی پر صبر کیا میں قِیامت میں اُس کی شفاعت کروں گا یا اُس کے حق میں گواہی دوں گا۔"

(مجمع الزّوائد، 3/657، حدیث:5819)

رُکنِ شوریٰ حاجی محمد فاروق جیلانی کی خدمت میں سوغات

## THE EXCELLENCE OF SHOWING PATIENCE OVER THE HARDSHIPS OF MADINAH

The final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: “Whoever remains patient through the poverty and hardship of Madinah, I will intercede for him or testify in his favour on the Day of Judgement.”[1]

(A gift for Shura member Haji Muhammad Farooq Jilani)

[1] Majma-uz-Zawaid, vol. 3, p. 657, Hadith 5819



www.dawateislami.net




# مکّے کی گرمی کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم:
"جو شخص دن کے کچھ وقت مکّے کی گرمی پر صبر کرے
جہنّم کی آگ اُس سے دُور ہو جاتی ہے۔"

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد

(رکنِ شوریٰ حاجی بغداد رضا کیلئے سوغات)

(الحمدللہ الکریم مکۂ پاک سے مدینۂ پاک ہماری گاڑی رواں دواں ہے)

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "جو شخص دن کے کچھ وقت مکّے کی گرمی پر صبر کرے جہنّم کی آگ اُس سے دُور ہو جاتی ہے۔" (اخبار مکۃ للفاکھی، 2/310، حدیث:1565)

(رکنِ شوریٰ حاجی بغداد رضا کیلئے سوغات)

## THE VIRTUE OF MAKKAH'S HEAT

The final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: "Whoever patiently endures the heat of Makkah for some part of the day, the fire of Hell is kept away from him."[1]

(A gift for Shura member Haji Baghdad Raza)


[1] Akhbar-e-Makkah li al-Fakihi, vol. 2, p. 310, Hadith 1565



www.dawateislami.net




## سب سے زیادہ مہربان




فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: "میری اُمّت کیلئے سب سے زیادہ مہربان ابو بکر صِدّیق (رضی اللہُ عنہ) ہیں۔" (ترمذی، 5/435، حدیث:3815)

(حاجی منصور عطاری کی خدمت میں سوغات)

## THE MOST KIND

The final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: "Abū Bakr al-Ṣiddīq (رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ) is the kindest to my Ummah."[1]

(A gift for Haji Mansoor Attari)

[1] Tirmidhi, vol. 5, p. 435, Hadith 3815



www.dawateislami.net

ہائے! میں مدینہ چھوڑ آیا

آہ! فراقِ مدینہ

# حافظہ مضبوط اور نظر تیز ہو

گاجر کے موسم میں روزانہ ایک گاجر کھا لینے سے حافِظہ مضبوط ہوتا اور نظر تیز ہوتی ہے یہاں تک کہ اگر عینک پہنتے ہیں تو نمبرز کم ہونا شروع ہو جائیں گے۔ (ان شاءَ اللّٰہُ الکریم) (گاجر دھو کر بغیر چھیلے کھائیے چھیلنے سے اس کے نیچے موجود وِٹامن سی ضائع ہو سکتا ہے)

(رکنِ شوریٰ حاجی برکت علی عطاری کی خدمت میں سوغات)

الٰہی! موت آئے گنبدِ خضرا کے سائے میں
مدینے میں جنازہ دھوم سے عطار کا نکلے

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد

گاجر کے موسم میں روزانہ ایک گاجر کھا لینے سے حافِظہ مضبوط ہوتا اور نظر تیز ہوتی ہے یہاں تک کہ اگر عینک پہنتے ہیں تو نمبرز کم ہونا شروع ہو جائیں گے۔ (اِن شاءَ اللّٰہُ الکریم)

(گاجر دھو کر بغیر چھیلے کھائیے چِھیلنے سے اِس کے نیچے موجود وِٹامن سی ضائع ہو سکتا ہے)

(رکنِ شوریٰ حاجی برکت علی عطاری کی خدمت میں سوغات)

## STRENGTHENING MEMORY AND SHARPENING VISION

During the carrot season, eating one carrot daily strengthens memory and sharpens eyesight, to the extent that if someone wears glasses, the lens number will begin to decrease (اِن شاءَ اللّٰہُ الکریم). (Eat the carrot after washing it and without peeling it, as peeling may remove the vitamin C beneath the skin.)

(A gift for Shura member Haji Barkat Ali Attari)





www.dawateislami.net

# دعا کی قبولیت کا ایک مقام





اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
"خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کے مزار شریف پر دعا قبول ہوتی ہے۔"

(رُکنِ شوریٰ حاجی خالد عطاری (U.K) کی خدمت میں سوغات)

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد

اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: "خواجہ غریب نواز رحمۃُ اللہِ علیہ کے مزار شریف پر دعا قَبول ہوتی ہے۔" (فضائل دعا، ص138 ملخصًا)

(رُکنِ شوریٰ حاجی خالد عطاری (U.K) کی خدمت میں سوغات)

## A PLACE WHERE PRAYERS ARE ACCEPTED

Imam Aḥmad Razā Khān رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه said: "Supplications are accepted at the shrine of Khwāja Gharīb Nawāz رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه."[1]

(A gift for Shura member Haji Khalid Attari (U.K.))

[1] Faza`il-e-Du'a, p. 138 summarised



www.dawateislami.net

# جنّت میں نہیں جائے گا

فرمانِ مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم :
"دھوکا دینے والا جنّت میں داخل نہیں ہوگا۔"
یعنی دھوکے کا عذاب چکھ لینے کے بعد داخلِ جنّت ہوگا۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علی محمّد

عبد المبین عطاری (بنگلہ دیش)
کی خدمت میں سوغات۔

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "دھوکا دینے والا جنّت میں داخل نہیں ہو گا۔"
(ترمذی، 3/388، حدیث:1970)

یعنی دھوکے کا عذاب چکھ لینے کے بعد داخلِ جنّت ہو گا۔

عبد المبین عطاری (بنگلہ دیش) کی خدمت میں سوغات۔

## WILL NOT ENTER PARADISE

The holy Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم said: "A person who deceives will not enter Paradise."[1] This means that such a person will only enter Paradise after facing the punishment for deception.

(A gift for Abdul Mubeen Attari (Bangladesh))

[1] Tirmidhi, vol. 3, p. 388, Hadith 1970






www.dawateislami.net




فرمان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "رِقَّتِ قلب (یعنی دل کی نرمی اور رونے وغیرہ) کے وقت دعا کو غنیمت جانو۔" (کنز العمال، الجزء الثانی، 1/48، حدیث:3367)

اُمِّ ربیع عطاریہ کیلئے سوغات

## THE IMPORTANCE OF SOFTNESS OF THE HEART AT THE TIME OF DU'A

The Holy Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم has stated: "Consider Du'a a great opportunity at the time of softness of the heart (meaning tenderness of the heart and weeping etc.)."[1]

A gift for Umm-e-Rabi' Attariyyah

[1] Kanz-ul-Ummal, Al-Juz-us-Sani, 1/48, Hadith: 3367

# بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا سے جنّت کی خوشبو آتی تھی

سیّدہ خاتونِ جنّت حضرت بی بی فاطِمہ زَہرا رضی اللہ عنہا کے
مبارک بدن سے جنّت کی خوشبو آتی تھی جسے حُضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم
سُونگھا کرتے تھے، اِس لئے آپ کا لقب "زَہرا" ہوا۔
اُمِّ قُربان عطاریہ (رابطہ برائے شخصیات) کی خدمت میں سوغات ----

سیّدہ خاتونِ جنّت حضرت بی بی فاطمہ زَہرا رضی اللہ عنہا کے مبارک بدن سے
جنّت کی خوشبو آتی تھی جسے حُضور صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم سُونگھا کرتے تھے،
اِس لئے آپ کا لقب ''زَہرا'' ہوا۔(مراٰۃ المناجیح،8/453)
اُمِّ قُربان عطاریہ (رابطہ برائے شخصیات) کی خدمت میں سوغات---

## THE FRAGRANCE OF PARADISE USED TO COME FROM BIBI FATIMA رَضِیَ اللہُ عَنْہَا

The fragrance of Paradise used to come from the blessed body of the Leader of the Women of Paradise, Sayyidatuna Bibi Fatima-tuz-Zahra رَضِیَ اللہُ عَنْہَا, which the Holy Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم used to smell; for this reason, her title became "Zahra".[1]

A gift for Umm-e-Qurban Attariyyah (Department for Contacting Personalities)...

[1] Mirat-ul-Manajih, 8/453





www.dawateislami.net

# مُنافقت سے پاک دل

فرمانِ مصطفٰے صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم: "محمّد (صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم) پر جو درودِ پاک پڑھے اُس کا دل مُنافَقَت سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسے کپڑا پانی سے پاک ہو جاتا ہے۔"

اُمِّ صَفا عطّاریہ (حج و عُمرہ وغیرہ) کی خدمت میں سوغات۔

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "محمّد (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) پر جو درودِ پاک پڑھے اُس کا دل مُنافَقَت سے ایسا پاک ہو جائے گا جیسے کپڑا پانی سے پاک ہو جاتا ہے۔"

(القول البدیع، ص277)

اُمِّ صَفا عطّاریہ (حج و عُمرہ وغیرہ) کی خدمت میں سوغات۔

## A HEART FREE FROM HYPOCRISY


The Final Prophet صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم has stated: “Whoever recites Durood upon Muhammad (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم), his heart will become as pure from hypocrisy as a cloth becomes clean with water.”[1]

A gift for Umm-e-Safa Attariyyah (Hajj and Umrah etc.)

[1] Al-Qaul-ul-Badee, p. 277



www.dawateislami.net




978-969-722-921-5
01082618

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net